Tarjuma-Tul-Quran-ul-Majeed - 9th Class Tarjmatul Quran Urdu Medium Chapter 17 Preparation

Q1. سورہ الانبیاء کب نازل ہوئی

Ans 1: سورہ الانبیاء اس وقت نازل ہوئی جب مشرکین مکہ مسلمانوں پر طرح طرح کے ظلم وستم ڈھا رہے تھے

Q2. اللہ تعالی کن لوگوں کو زندہ کرکے اٹھائے گا

Ans 1: اللہ تعالی ان لوگوں کو ضرور زندہ کرکے اٹھائے گا جو قبروں میں پڑے ہیں.

Q3. عنکبوت کے کیا معنی ہیں.

Ans 1: عنکبوت کے معنی مکڑی کے ہیں.

Q4. سورۃ فاطر میں موجود اللہ تعالی کی قدرت کی نشانیوں کی باتیں واضح کریں-

Ans 1: 1- جس رب نے یہ کائنات بنائی ہے، اسے اس کا نظام چلانے کے لیے کسی مدد گار کی ضرورت نہیں- 2- یہ کائنات بغیر مقصد کے پیدا نہیں کی گئی.

Q5. سورۃ ص کا خلاصہ تحریرکریں

Ans 1: سورۃ ص میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اور آپ کی دعوت پرمشرکین مکہ کے اعتراضات کا جواب دیا گیا ہے- سابقہ انبیاء کرام علیہ السلام کو جھٹلانے والی قوموں کا عبرت ناک انجام بیان کیا گیا ہے. اس کے بعد سور ت کے اختتام تک مختلف انبیاء کرام علیہ السلام کا تزکرہ ہے. سورۃ ص کا خُلاصہ ہے " عقیدہ رسالت کا بیان".

Q6. حضرت لقمٰن نے نصحیتیں کس کو کی تھیں

Ans 1: حضرت لقمٰن نے نصحیتیں اپنے بیٹے کو کیں تھیں-

Q7. سورۃ ص کون سی صورت ہے

Ans 1: سورہ ص مکی سورۃ ہے

Q8. ہمیں ایمان والوں کے ساتھ کیسے پیش آنا چاہیے.

Ans 1: ہمیں ایمان والوں کے ساتھ بہت شفقت اور تواضح سے پیش آنا چاہیے.

Q9. سورہ الروم میں سود کے بارے میں کیا فرمایا گیا ہے.

Ans 1: اللہ تعالی کے نزدیک سود سے مال گھتتا ہے اور زکوۃ سے مال برھتا ہے.

Q10. سورۃ الحج کا مختصر تعارف تحریر کریں-

Ans 1: تعارف: سورۃ الحج ایک منفرد سورت ہے، اس کا کچھ حصہ مدنی ہے اور کچھ مکہ ، اس سورت کا نزول مکہ مکرمہ میں ہجرت سے پہلے ہوچکا تھا اور تکمیل ہجرت کے بعد مدینہ منورہ میں ہوئی- اس سورت میں بتایا گیا ہے کہ حج حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانے میں کس طرح شروع ہوا اور اس کے بنیادی ارکان کیا ہیں-

---